# ترجمان اسلام آباد کیپیٹل پولیس

پبلک ریلیشن برانچ اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی خصوصی اشاعت

Islamabad Police | منگل 16 اپریل 2024 | Islamabadpolice.gov.pk


## ٹیکنالوجی

| | |
|---|---|
| کرایہ دار کا اندراج | 55346 |
| ملازمین کا اندراج | 54076 |
| گاڑیوں کی تصدیق | 20767 |
| گمشدگی / برآمدہ | 06 |
| جنرل ویریفکیشن | 94711 |

## کرائم

| | |
|---|---|
| کل مقدمات | 46 |
| گرفتار ملزمان | 41 |
| یکسو چالان | 47 |
| سٹاپ اینڈ سرچ | 5011 |
| اشتہاری مجرمان و عدالتی مفروران | 12 |

## ٹریفک

| | |
|---|---|
| جرمانے کے چالان | 1762 |
| سنگین خلاف ورزی | 1014 |
| مہلک حادثات | ---- |
| ڈرائیونگ لائسنس | 213 |
| لرننگ پرمٹ | 202 |

## پکار-15



| | |
|---|---|
| ایمرجنسی کال | 3580 |
| بوگس کال | 3136 |
| ایمرجنسی رسپانس | 209 |
| کم سے کم رسپانس ٹائم | 04 منٹ |
| زیادہ سے زیادہ رسپانس ٹائم | 08 منٹ |

# اسلام آباد کیپیٹل پولیس سے ریٹائرڈ ہونے والے انسپکٹر محمد اسلم کے اعزاز میں سیف سٹی آفس میں الوداعی تقریب کا انعقاد

### تقریب میں سی پی او سیف سٹی و ٹریفک اور ایس ایس پی سیف سٹی نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی اور محکمہ پولیس میں انکی خدمات کے اعتراف میں پھولوں کا گلدستہ اور تعریفی سند سے بھی نوازا






اسلام آباد کیپیٹل پولیس سے ریٹائرڈ ہونے والے انسپکٹر محمد اسلم کے اعزاز میں سیف سٹی اسلام آباد میں الوداعی تقریب منعقد کی گئی، سی پی او سیف سٹی و ٹریفک اور ایس ایس پی سیف سٹی نے تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی، اس موقع پر سینئر پولیس افسران و جوان بھی موجود تھے، سی پی او سیف سٹی و ٹریفک نے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور ریٹائرڈ ہونے والے انسپکٹر محمد اسلم کی محکمہ پولیس کے لئے کی گئی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ ریٹائرمنٹ سروس کا حصہ ہے، جس نے سروس شروع کی وہ ایک دن ریٹائر بھی ہوگا، آپ نے ایک لمبا عرصہ محکمہ پولیس کی خدمت کی اب محکمے کو آپ کی خدمت کرنے کی ضرورت ہے، دوران سروس ہم سب کی کوشش ہونی چاہیے کہ کچھ ایسے کارنامے انجام دیئے جائیں، جس سے آپ کا نام روشن ہو اور آپ کے کردار کو اچھے الفاظ میں یاد رکھا جائے ہمیں اس بات کا عہد کرنا چاہیے کہ سروس کے دوران زیادہ سے زیادہ عوامی خدمت کر کے اللہ تعالیٰ کی خوشنودی حاصل کی جائے، انہوں نے مزید کہا کہ ریٹائرڈ ہونے والے آفیسر نے اپنا زندگی کا قیمتی حصہ محکمہ پولیس میں گزار کر عوام کی خدمت کی اس کے بدلے محکمہ پولیس نے بھی آپ کو عزت، وقار اور ایک مقام دیا جس پر آپ کو اللہ کا شکر گزار ہونا چاہیے، انھوں نے مزید کہا کہ آپ کو کوئی بھی نجی و سرکاری مسئلہ درپیش ہو تو میرے دفتر کا دروازہ ہر وقت آپ کیلئے کھلا ہے، آخر میں مہمان خصوصی نے ریٹائرڈ ہونے والے آفیسر کی خدمات کو سراہتے ہوئے پھولوں کا گلدستہ اور تعریفی سند پیش کی اور ان کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

# سیف سٹی ای چالان سسٹم ٹریفک قوانین کے نفاذ میں موثر کردار ادا کر رہا ہے

اسلام آباد کیپیٹل پولیس نے بین الاقوامی معیار کے مطابق وفاقی دارلحکومت اسلام آباد میں ای چالان سسٹم کے تحت ٹریفک قوانین پر عملدرآمد کو یقینی بناتے ہوئے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 75 ای چالان ٹکٹس جاری کیے ہیں، اب تک ٹریفک قوانین کی مختلف خلاف ورزیوں پر کل 02 لاکھ 64 ہزار 449 ای چالان ٹکٹس جاری کیے جا چکے ہیں، ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے والے قانون شکنوں کیخلاف ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن ڈیپارٹمنٹ سے لنک ڈیٹا بیس کی مدد سے خصوصی قانونی کارروائی بھی عمل میں لائی جا رہی ہے، جس کے تحت قانون شکنوں کو ان کے موبائل نمبرز پر ای چالان ٹکٹ کا پیغام ارسال کیا جاتا ہے، ای چالان سسٹم کی موثر حکمت عملی کی وجہ سے مہلک حادثات اور دیگر ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں میں نمایاں کمی واقع ہوئی ہے، جاری شدہ چالان ٹکٹس گاڑی اور موٹر سائیکل مالکان کے گھر بھی ارسال کئے جا رہے ہیں، جرمانے کی رقم مقررہ وقت پر ادا نہ کرنے پر چالان کی کاپی ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفس میں گاڑی کی ماسٹر فائل میں چسپاں کی جا رہی ہے اور اس امر کو یقینی بنایا گیا ہے کہ چالان کے بقایا جات کو ادا نہ کرنے والے گاڑی مالکان جب تک جرمانے کی رقم ادا نہیں کرتے اس وقت تک گاڑی یا موٹر سائیکل کسی دوسرے شخص کے نام منتقل نہیں کیا جا سکے گا جبکہ جرمانے کی رقم ادا کرنے کے لئے شہریوں کیلئے آسانیاں پیدا کرتے ہوئے مختلف موبائل اور بینک اکاؤنٹس کی سہولت فراہم کی گئی ہے، سینئر پولیس افسران نے کہا کہ سیف سٹی ای چالان سسٹم سے خاطر خواہ نتائج حاصل ہو رہے ہیں اور ای چالان سسٹم کے تحت بہترین مانیٹرنگ کے باعث مہلک حادثات اور دیگر قوانین کی خلاف ورزیوں میں نمایاں کمی واقع ہوئی ہے، انہوں نے اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ سیف سٹی کے کیمروں کے ذریعے کئے جانے والے چالان کے جدید نظام کو مزید بہتر اور موثر بنایا جا رہا ہے اس نظام کا مقصد جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لاتے ہوئے حادثات کی روک تھام کو یقینی بناتے ہوئے ٹریفک قوانین کی پاسداری کو یقینی بنانا ہے۔

## اسلام آباد کیپیٹل پولیس ڈولفن کا وفاقی دارلحکومت اسلام آباد میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری

گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ڈولفن نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف موثر اور خصوصی تلاشی کے دوران 02 ہزار 31 مشکوک افراد، موٹر سائیکل سواروں اور گاڑیوں کی جانچ کی، جبکہ 04 مشکوک اشخاص اور 15 موٹر سائیکلوں کو مختلف تھانہ جات میں جانچ پڑتال کیلئے منتقل کیا گیا۔ اسلام آباد کیپیٹل پولیس ڈولفن سکواڈ وفاقی دارلحکومت اسلام آباد میں کسی بھی ایمرجنسی کی صورت میں اول دستے کے طور پر کام کرتے ہوئے جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کلیدی کردار ادا کر رہا ہے، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ڈولفن سکواڈ نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بھرپور موثر اور خصوصی تلاشی کے دوران کل 02 ہزار 31 مشکوک افراد، موٹر سائیکل سواروں اور گاڑیوں کی جانچ کی، جن میں 673 مشکوک افراد، 1,358 موٹر سائیکل اور ایک گاڑی شامل ہیں، جبکہ 04 مشکوک اشخاص اور اصل دستاویزات نہ ہونے پر 15 موٹر سائیکلوں کو مختلف تھانہ جات میں جانچ پڑتال کیلئے منتقل کیا گیا، اسلام آباد کے مختلف زونز میں دوران ڈیوٹی ڈولفن نے پٹرولنگ کے دوران کالے شیشے والی گاڑیوں کے خلاف بھی قانونی کارروائی عمل میں لائی، تمام زونل افسران کو ہدایات جاری کی گئی ہیں کہ وفاقی دارلحکومت اسلام آباد میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف جاری قانونی کارروائیوں کو مزید تیز اور موثر بنایا جائے، شہریوں کے جان و مال کا تحفظ اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، کسی بھی عناصر کو شہریوں کے امن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے، افسران جرائم پیشہ عناصر کیخلاف جامع حکمت عملی اپناتے ہوئے انکے سدباب کو یقینی بنائیں، اس سلسلے میں کسی بھی قسم کی کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔

# اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کیخلاف موثر کاروائیاں جاری

**گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 09 جرائم پیشہ عناصر کو گرفتار کرلیا گیا، گرفتار ملزمان کے قبضہ سے منشیات اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد، ملزمان کیخلاف مختلف تھانہ جات میں مقدمات درج**

ڈی آئی جی آپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران اسلام آباد کیپیٹل پولیس نے مختلف قانونی کارروائیوں کے دوران 09 جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری عمل لائی، تھانہ شالیمار پولیس نے ملزم مہتاب شاہ کو گرفتار کرکے اس کے قبضہ سے ایک عدد نائن ایم ایم پستول برآمد کرلیا، تھانہ گولڑہ پولیس نے دو ملزمان رحمان اور عمران کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے ایک عدد نائن ایم ایم اور ایک عدد تیس بور پستول برآمد کرلیا، تھانہ سمبل پولیس نے دو ملزمان شراب خان اور



میر حسن گل کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے دو عدد تیس بور پستول برآمد کرلئے، تھانہ ترنول پولیس نے ملزم محمد طلحہ کو گرفتار کرکے اس کے قبضہ سے 1,155 گرام ہیروئن برآمد کرلی، تھانہ انڈسٹریل ایریا پولیس نے ملزم سہیل کو گرفتار کرکے اس کے قبضہ سے 1,290 گرام ہیروئن برآمد کرلی، تھانہ کرپولیس نے دو ملزمان زاہد اللہ اور شعبان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے دو عدد تیس بور پستول برآمد کرلیے، گرفتار ملزمان کے خلاف مختلف تھانہ جات میں مقدمات درج کرکے مزید تفتیش شروع کردی گئی، اسلام آباد کیپیٹل پولیس منشیات وشراب فروشی جیسے گھناؤنے کاروبار میں ملوث عناصر کو ہرصورت قانون کے کٹہرے میں لائے گی، شہریوں کے تعاون سے اسلام آباد کیپیٹل پولیس شہر کو امن کا گہوارہ بنانے میں تمام تر وسائل بروئے کار لارہی ہے، شہری کسی بھی مشکوک شخص یا سرگرمی کے متعلق اپنے متعلقہ تھانہ، ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار-15" یا" آئی سی ٹی "-15 ایپ پر فوری اطلاع دیں۔

# تھانہ مارگلہ پولیس نے راہزنی کی متعدد وارداتوں میں مطلوب منظم گروہ کے دو ارکان کو گرفتار کرلیا

**گرفتار ملزمان کے قبضہ سے چھینی گئی نقدی اور وارداتو ں میں استعمال ہونیوالا اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا گیا، گرفتار ملزمان کیخلاف مقدمات درج، مزید تفتیش جاری ہے**




ڈی آئی جی آپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں راہزنی کی وارداتوں میں ملوث ملزمان کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، اس سلسلے میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس تھانہ مارگلہ پولیس نے موثر کارروائی کرتے ہوئے تکنیکی اور انسانی ذرائع کی مدد سے راہزنی کی متعدد وارداتوں میں مطلوب گروہ کے دو ارکان کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان کے قبضہ سے چھینی گئی نقدی اور وارداتو ں میں استعمال ہونے والا اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا گیا، گرفتار ملزمان کی شناخت شہزاد اختر اور یاسین کے ناموں سے ہوئی ہے، ابتدائی تفتیش کے دوران گرفتار ملزمان نے متعدد وارداتیں کرنے کا انکشاف کیا ہے، ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے، ڈی آئی جی آپریشنز نے کہا کہ اسلام آباد کیپیٹل پولیس شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کیلئے تمام تر ممکنہ اقدامات اٹھا رہی ہے، کسی بھی جرائم پیشہ عناصر کو عوام الناس کے امن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ وہ پولیس کے ساتھ تعاون کریں اور شہری کسی بھی مشکوک چیز یا سرگرمی کے بارے میں متعلقہ تھانہ، ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار- 15" یا" آئی سی ٹی ایپ" -15 پر فوری اطلاع کریں۔

# تھانہ سنبل پولیس نے قمار بازی میں ملوث 10 قمار بازوں کو رنگے ہاتھوں گرفتار کرلیا

**گرفتار ملزمان کے قبضہ سے داؤ پر لگی ہوئی نقدی اور آلات قمار بازی برآمد کرلیے گئے، گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمہ درج، مزید تفتیش جاری ہے**

ڈی آئی جی آپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں جرائم پیشہ عناصر اور قمار بازی کی وارداتوں میں ملوث ملزمان کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، اس سلسلہ میں تھانہ سنبل پولیس نے قمار بازی میں ملوث ملزمان کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے دس قمار بازوں کو رنگے ہاتھوں گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان کے قبضہ سے داؤ پر لگی ہوئی نقدی اور آلات قمار بازی برآمد کرلیے گئے، گرفتار ملزمان کی شناخت نزاکت، وقار احمد، ممتاز سعید، ظہور، نوید اختر، خرم شہزاد، جاوید اقبال، حضرت بلال، مسعود اور محمد شفیق کے ناموں سے ہوئی ہے، ملزمان کیخلاف قمار بازی ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کر لیا گیا، ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے، ڈی آئی جی آپریشنز نے کہا کہ اسلام آباد کیپیٹل پولیس شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کیلئے تمام تر ممکنہ اقدامات اٹھا رہی ہے، کسی بھی جرائم پیشہ عناصر کو عوام الناس کے امن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ وہ پولیس کے ساتھ تعاون کریں اور کسی بھی مشکوک چیز یا سرگرمی کے بارے میں اپنے متعلقہ تھانہ، ایمرجنسی ہیلپ لائن" پکار- 15" یا" آئی سی ٹی - 15" ایپ پر فوری اطلاع کریں۔



## قتل و دیگر سنگین جرائم میں ملوث مجرمان اشتہاری اور عدالتی مفروران کی گرفتاری کے لیے بڑے پیمانے پر کریک ڈاون جاری

اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا سنگین جرائم میں ملوث مجرمان اشتہاری اور عدالتی مفروران کی گرفتاری کے لیے بڑے پیمانے پر کریک ڈاون جاری ہے، ان احکامات کی روشنی میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پولیس ٹیموں نے سنگین جرائم میں ملوث 09 اشتہاری مجرمان کی گرفتاری عمل میں لائی، سینئر پولیس افسران نے کہا کہ اشتہاری اور عدالتی مفروران کے خلاف مہم کو مزید موثر بناتے ہوئے مجرمان کو گرفتار کرکے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے، شہریوں کے جان و مال کا تحفظ اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی اولین ذمہ داری ہے اس میں کسی قسم کی غفلت ولاپرواہی برداشت نہیں کی جائے گی، تمام پولیس افسران تلاشی اور جانچ پڑتال کو مزید موثر بنائیں اور جرائم کی بیخ کنی کے لئے تمام تر ضروری اقدامات کرتے ہوئے جرائم پیشہ مجرمان اور مقدمات میں نامزد ملزمان کے گرد گھیرا تنگ کریں اور انکو گرفتار کرکے جلد مقدمات کو یکسو کریں، اسلام آباد کیپیٹل پولیس شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لئے تمام تر وسائل بروئے کار لارہی ہے، شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ وہ پولیس کے ساتھ تعاون کریں اور کسی بھی مشکوک چیز یا سرگرمی کے بارے میں متعلقہ تھانہ، ایمرجنسی ہیلپ لائن پکار-"15 یا" آئی سی ٹی ایپ "-15 پر فوری اطلاع دیں۔

## گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران "پکار-15" پر 03 ہزار 580 کالز موصول ہوئیں، جن میں 03 ہزار 136 غیر متعلقہ کالز تھیں

اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار-15" وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں شہریوں کو بروقت خدمات فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کررہی ہے، "پکار- 15" ایک ایمرجنسی ہیلپ لائن ہے جس سے کسی بھی وقت پولیس کی فوری مدد حاصل کی جاسکتی ہے، سیف سٹی میں "پکار-15" کال سینٹر موجود ہے جس میں روزانہ کی بنیاد پر ہزاروں کالز موصول ہوتی ہیں اور کال کی نوعیت کے مطابق شہریوں کی مدد کی جاتی ہے، ان میں پولیس، فائر بریگیڈ، ایمبولینس سہولت شامل ہیں، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران "پکار-15" ہیلپ لائن پر 03 ہزار 580 کالز موصول ہوئیں، جن میں سے 03 ہزار 136 غیر متعلقہ کالز تھیں جو کہ کل کالز کا 88% فیصد ہے پولیس کی فوری مدد کے لئے 209 کیسز رجسٹرڈ کیے گئے جن میں مختلف نوعیت کی کالز اور اطلاع تھی جن پر بروقت ایمرجنسی دستوں کو بھیجا گیا، 88% فیصد جھوٹی اور غیر ضروری کالز سے نہ صرف پولیس کا وقت ضائع ہوتا ہے بلکہ ایمرجنسی میں کسی کی مدد میں تاخیر کا سامنا بھی کرنا پڑتا ہے جو جان لیوا ثابت ہوسکتا ہے، شہریوں سے گزارش ہے کہ "پکار-15" ہیلپ لائن آپ کی سہولت کے لیے ہے اور اس کا صحیح استعمال بھی آپ کی ذمہ داری ہے، ذمہ دار شہری ہونے کا ثبوت دیں اور ایسے عناصر کی حوصلہ شکنی کریں جو جھوٹی اطلاع یا کال کرکے پولیس کا وقت ضائع کرتے ہیں۔

# اسلام آباد میں گھر گھر جا کر ملازمین وکرایہ داروں کی رجسٹریشن کے لئے "Knock the door" مہم کا سلسلہ جاری ہے

**تھانہ بنی گالا اور تھانہ کھنہ کی حدود میں 1,609 گھروں کے 743 گھریلو ملازمین کے کوائف کا اندراج مکمل کیا گیا، مہم میں اسلام آباد پولیس کی مختلف ٹیمیں گلی محلوں میں جا کر کرایہ داروں اور گھریلو ملازمین کے اندراج کو یقینی بنا رہی ہیں، تا کہ شہر میں امن و امان کی فضاء کو برقرار رکھتے ہوئے کسی بھی ناخوشگوار واقع سے بچا جا سکے**



ایس ایس پی انسداد دہشتگر دی ڈیپارٹمنٹ کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا وفاقی دارلحکومت میں شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے اہم اقدام اٹھاتے ہوئے گھر گھر جا کر ملازمین وکرایہ داروں کی رجسٹریشن کیلئے "Knock the door" مہم کا سلسلہ جاری ہے، اس مہم کے دوران اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی مختلف ٹیمیں گلی ومحلوں میں جا کر کرایہ داروں اور گھریلو ملازمین کے کوائف کے اندراج کو یقینی بنارہی ہیں، اس سلسلے میں انسداد دہشتگر دی ڈیپارٹمنٹ اسلام آباد نے تھانہ بنی گالا اور تھانہ کھنہ کے علاقے میں 1,609 گھروں کے 743 گھریلو ملازمین کے کوائف کا اندراج مکمل کیا، ایس ایس پی سی ٹی ڈی نے کہا کہ اس مہم کا مقصد وفاقی دارلحکومت اسلام آباد میں امن وامان کی فضاء کو برقرار رکھنا ہے تا کہ کسی بھی ناخوشگوار واقع سے بچا جاسکے، انہوں نے مزید کہا کہ کرایہ داروں اور گھریلو ملازمین کے کوائف کے اندراج سے نا صرف شر پسند عناصر پر کڑی نظر رکھی جاسکتی ہے بلکہ کسی بھی قسم کی مشکوک سرگرمی میں ملوث عناصر کو غیر قانونی سرگرمیوں سے روکا جا سکتا ہے، اندراج نہ کروانے کی صورت میں کوئی بھی شر پسند عناصر عام شہری کا روپ ڈھال کر چوری اور ڈکیتی جیسی سنگین وارداتوں میں ملوث ہوکر نقصان پہنچا سکتا ہے، اسلام آباد کیپیٹل پولیس اپنے تمام تر وسائل بروئے کار لاتے ہوئے وفاقی دارلحکومت کے شہریوں کو ایک محفوظ ترین ماحول فراہم کرنے کیلئے ہمہ وقت کوشاں ہے۔

# اسلام آباد ٹریفک پولیس کا عوام الناس کے محفوظ سفر کو یقینی بنانے کیلئے ایک اور اہم اقدام

**گیس سلنڈر روالی گاڑیوں اور فٹنس سرٹیفکیٹ نہ رکھنے والی پبلک سروس گاڑیوں کے خلاف قانونی کاروائی مزید سخت اور مؤثر بنانے کا فیصلہ، ٹریفک قوانین کی پاسداری کو یقینی بنانے کے لئے خصوصی دستے تمام بس اڈوں اور دیگر مقامات پر تعینات، شہریوں کو ہر ممکن سفری سہولیات فراہم کرنا اوران کی جان و مال کا تحفظ اولین ترجیح ہے**





اسلام آباد ٹریفک پولیس نے عوام الناس کے محفوظ سفر کو یقینی بنانے اوران کو حادثات سے محفوظ رکھنے کے لئے خصوصی اقدامات کئے ہیں، اسی سلسلے میں اسلام آباد ٹریفک پولیس کی جانب سے گیس سلنڈر روالی گاڑیوں اور فٹنس سرٹیفکیٹ نہ رکھنے والی پبلک سروس گاڑیوں کے خلاف قانونی کارروائی کو مزید سخت اور مؤثر بنانے کا فیصلہ کیا گیا ہے، ایس ایس پی ٹریفک اسلام آباد نے تمام زونل ڈی ایس پیز کو ہدایات جاری کی کہ گیس سلنڈر روالی گاڑیوں اور فٹنس سرٹیفکیٹ نہ رکھنے والی پبلک سروس گاڑیوں کے خلاف قانونی کارروائیاں عمل میں لائیں جائیں اور جرمانوں کے ساتھ سنگین ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں میں ملوث گاڑیوں کو تھانہ جات میں بند کیا جائے، اس ضمن میں اسلام آباد ٹریفک پولیس کی جانب سے خصوصی دستے تشکیل دیئے گئے ہیں جو اسلام آباد کے لاری اڈوں، بس اسٹاپس، ویگن اسٹاپ اور شہر کے مختلف مقامات پر ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں میں ملوث ڈرائیورز اور گاڑیوں کے خلاف موثر کارروائی عمل میں لا رہے ہیں، ایس ایس پی ٹریفک نے کہا کہ شہریوں کی جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنانا اور ہر ممکن سفری سہولیات فراہم کرنا اسلام آباد ٹریفک پولیس کی اولین ترجیح ہیں، ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی اور ٹریفک کی روانی کو متاثر کرنیوالے عناصر کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائیں جائیں گی۔

## اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا ہائی سیکیورٹی زون میں داخل ہونے والے شہریوں کے کوائف کے اندراج اور موثر تلاشی کا عمل جاری ہے



ہائی سکیورٹی زون کے مختلف نا کہ جات پر قانون کی خلاف ورزی پر متعدد گاڑیوں اور موٹر سائیکل سواروں کے خلاف قانونی کارروائی بھی عمل میں لائی گئی۔ اسلام آباد کیپیٹل پولیس کے افسران وجوان وفاقی دارلحکومت کے تحفظ کو یقینی بنانے کے ساتھ ہائی سکیورٹی زون میں داخل ہونے والے شہریوں کے کوائف کے اندراج، شناختی دستاویزات کی جانچ اور موثر تلاشی عمل میں لا رہے ہیں، اس کے ساتھ مختلف نا کہ جات پر گاڑیوں اور موٹر سائیکل سواروں کے خلاف مختلف قانونی خلاف ورزیوں پر قانونی کارروائی بھی عمل میں لائی گئی، گزشتہ ہفتہ کے دوران ہائی سکیورٹی زون نا کہ جات پر تعینات پولیس اہلکاروں نے 1261 کالے شیشوں، 1029 غیر نمونہ نمبر پلیٹ اور بغیر کاغذات والی گاڑیوں کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی، سینئر پولیس افسران نے ڈیوٹی پر تعینات پولیس افسران وجوانوں کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ وہ اپنی ڈیوٹی مکمل ذمہ داری کے ساتھ ادا کریں، کسی قسم کی غفلت ولا پرواہی نہ برتی جائے، ہائی سکیورٹی زون میں واقع اہم سرکاری ونجی املاک اور سفارت خانوں کا تحفظ انتہائی اہمیت کا حامل ہے، ہائی سکیورٹی زون میں داخل ہونے والے تمام شہریوں کے کوائف کے اندراج کو یقینی بنایا جائے، شناختی دستاویزات کی مکمل جانچ پڑتال کی جائے، تمام مشکوک گاڑیوں کی تلاشی لی جائے اور عوام کے ساتھ مثبت رویہ اپنایا جائے، انہوں نے عوام الناس سے گزارش کی وہ ڈیوٹی پر تعینات اہلکاروں کے ساتھ تعاون کریں، اور کسی بھی مشکوک شخص یا سرگرمی کے متعلق اپنے قریبی تھانہ، ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار-15" یا "آئی سی ٹی-15" ایپ پر اطلاع کریں۔



Tarjuman
# The Capital Police Islamabad
A publication of Public Relations Branch Islamabad Capital Police

Islamabad Police | TUESDAY APRIL 16, 2024 | Islamabadpolice.gov.pk



| PUCAR -15 | | TRAFFIC | | CRIME | | TECHNOLOGY | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Emergency Call | 3580 | Traffic Fine Ticket | 1762 | Total Crime Registered | 46 | Tenant Registration | 55346 |
| Hoax Call | 3136 | Major Violation | 1014 | Accused Arrested | 41 | Employee Registration | 54076 |
| Emergency Response | 209 | Fatal Accident | ---- | Challan Submitted in Court | 47 | Vehicle Verification | 20767 |
| Minimum Response Time | 04 Min | Driving License | 213 | Stop & Search | 5011 | Lost & Found Reports | 06 |
| Maximum Response Time | 08 Min | Learner Permit | 202 | P.O / C.O Arrested | 12 | General Verification | 94711 |

## Farewell ceremony held in honor of Inspector Muhammad Aslam






A farewell ceremony was held in honor of Inspector Muhammad Aslam at Safe City Islamabad, a public relations officer said. He said that CPO Safe City/Traffic graced the occasion as the chief guest, while senior police officers and officials were also present on the occasion. The CPO Safe City/Traffic conveyed good wishes to the retiring inspector and said that retirement is part of the service as the one who joins the service has to retire one day. He asked the serving police officials to do their best to earn respect for the department. He was of the view that public servants can earn a good name by serving the citizens with devotion and dedication. He further said that the contribution of Inspector Muhammad Aslam to the Islamabad Capital Police would be remembered. At the end, he presented a bouquet to the retired officer and also expressed his best wishes for his future endeavors.

## Campaign for registration of house servants and tenants data in full swing



According to details, the Islamabad Capital Police "Knock the Door" campaign for the registration of employees and tenants is in full swing, a public relations officer said. He said that, during this campaign various teams of Islamabad Capital Police are going to the streets and door-to-door to ensure the registration of tenants and domestic workers as well as to inquire about the problems faced by the citizens. In this regard, the Counter Terrorism Department (CTD) Islamabad has registered a data of 743 house servants of 1,609 houses from Khanna and Bani Gala Police Station jurisdiction. The purpose of this campaign is to avoid any untoward incident by maintaining law and order in the federal capital adding that the registration of tenants and domestic workers could not only keep a close watch on miscreants but also prevent the elements involved in any kind of suspicious activity. Citizens are also requested that they can ask for the identity of a person if someone dressed in civil clothes comes to their house in order to collect the data. Unregistered employees and tenants could be involved in serious incidents like theft and robbery by impersonating as a common citizen and Islamabad Capital Police is trying to provide a safe environment to the citizens of the federal capital by using all its resources.

## Islamabad Capital Police Dolphin Squad playing vital role in eradicating crime

The Islamabad capital police Dolphin is playing a vital role in crime prevention from the city, during the last 24 hours, the Dolphin checked a total of 2,031 suspicious persons, motorcycles and vehicles, a public relations officer said. He said that the Islamabad Capital Police Dolphin Squad is working under a safe city Islamabad centralized system, which is deployed in different areas of the city for patrolling and crime prevention. During the last 24 hours, the Dolphin Squad Islamabad checked 673 pedestrians, 1,358 motorcycles and one vehicle during the special and snap checking, out of which 04 suspicious individuals and 15 motorcycles were shifted to various police stations for verification purposes. Islamabad Capital Police Dolphin Squad also ensured the arrest of the numerous accused involved in different criminal activities. The Islamabad capital police are taking all out efforts to curb the crime from the city. "Safety and security of the citizens is our prime responsibility and no stone would be unturned to save the lives and property of the citizens".

# Nine outlaws arrested; drugs and weapons recovered



Islamabad Capital Police apprehended nine outlaws from different areas of the city during the last 24 hours and recovered drugs and weapons from their possession, a public relations officer said. He said that, following the special directions of DIG Operations Syed Shahzad Nadeem Bukhari, the Islamabad Capital Police has intensified crackdown against the criminal elements in order to eliminate the crime from the city. Following these directions, the Shalimar police team arrested an accused namely Mehtab Shah and recovered one 9mm pistol from his possession. The Golra police team arrested two accused namely Rehman and Imran and recovered two pistols with ammunition from their possession. Likewise, the Sumbal police team arrested two accused namely Sharab Khan and Mir Hassan Gul and recovered two 30 bore pistols from their possession. The Tarnol police team arrested an accused namely Muhammad Talah and recovered 1155 gram heroin from his possession. Moreover, the Industrial Area police team arrested an accused namely Sohail and recovered 1290 gram heroin from his possession. The Kirpa police team arrested two accused namely Zahid Ullah and Shahban and recovered two 30 bore pistols with ammunition from their possession. Cases have been registered against the nabbed accused and further investigation is underway. DIG Operations directed the police officials to further intensify the crackdown against the criminal elements. “Safety and security of the citizens is our foremost priority and no laxity will be tolerated in this regard.

# Two members of snatcher gang held; cash and weapons recovered




Islamabad Capital Police Margalla police team arrested two wanted members of a snatcher gang involved in numerous snatching activities and recovered snatched cash and weapons from their possession, a public relations officer said. He said that, following the special directions of DIG Operations Islamabad Syed Shehzad Nadeem Bukhari, the Islamabad Capital Police has intensified crackdown against the criminal elements in order to eliminate the crime from the city. Following these directions, the Margalla police team used technical and human resources and succeeded in apprehending two wanted members of a snatcher gang involved in numerous snatching activities. The accused were identified as Shahzad Akhtar and Yaseen. Police team also recovered snatched cash and weapons from their possession. Cases were registered against the nabbed accused and further investigation is underway. DIG Operations Syed Shehzad Nadeem Bukhari directed all senior officials for effective crackdown against the accused involved in criminal activities and ensured the safety of lives and property of citizens on priority basis.

# 10 gamblers arrested red handed; cash and gambling tools recovered



Islamabad Capital Police Sumbal police station team have arrested 10 gamblers and recovered cash and gambling tools from their possession, a public relation officer said. He said that, following the special directions of DIG Operations Islamabad Syed Shehzad Nadeem Bukhari, the Islamabad Capital Police has intensified crackdown against the criminal elements in order to eliminate the crime from the city. Following these directions, the Sumbal police team conducted a raid at gambling den and arrested 10 gamblers red handed and recovered cash and gambling tools from their possession. The accused were identified as Nazakat, Waqar Ahmed, Mumtaz Saeed, Zahoor, Naveed Akhtar, Khurram Shahzad, Javed Iqbal, Hazrat Bilal, Masood and Muhammad Shafique. Case has been registered against the nabbed accused and further investigation is underway. DIG Operations Syed Shehzad Nadeem Bukhari further directed the police officials and stated that it is the prime responsibility of police to provide relief to the citizens and every possible effort would be made to ensure it.

## Islamabad Capital Police ensuring foolproof security arrangements at High Security Zone



According to the details, following the special directions of Islamabad Capital City Police Officer (ICCPO) Dr. Akbar Nasir Khan, the Islamabad Capital Police is using all available resources to ensure the peace and tranquility within the federal capital, a public relations officer said. He said that the Islamabad Capital Police ensured data registration, identification documents and effective search of citizens entering the high security zone on a regular basis. During the last week, the Islamabad Capital Police removed tinted glasses from 1261 vehicles and improper number plates, from 119 vehicles. Strict directions have been issued to police officers and officials performing their duties at high security zone checkpoints to exercise their duty with full responsibility. The protection of important public and private property and embassies located in the high security zone is of paramount importance. The police officials were further directed to ensure the data entry of all citizens entering the high security zone, the identification documents should be thoroughly scrutinized, all suspicious vehicles should be searched and a positive attitude has been taken towards the public. Citizens are also urged to cooperate with the Islamabad Capital Police and to report any suspicious activity on emergency helpline "Pucar-15” or at ICT-15 app.



# Crackdown against vehicles having gas cylinders and without fitness certificates ordered

According to the details, the Islamabad Traffic Police (ITP) has taken special measures to ensure safety of lives and property of citizens and to keep them safe from any mishaps, a public relations officer said. In this regard, SSP Traffic Islamabad Sarfraz Virk directed all Zonal DSPs to take legal action against vehicles having gas cylinders and public service vehicles without fitness certificate. It has been decided to take legal action more strictly and effectively against vehicles without fitness certificates and gas fitted cylinder public service vehicles, in order to reduce accidents as much as possible and keep traffic flow smooth. Moreover, public service vehicles involved in serious traffic violations will be impounded in police stations along with heavy fines. Additionally, effective action against drivers and vehicles involved in violations of traffic rules at lorry stands, bus stops, wagon stops and other places in the city has been ordered. SSP Traffic said that safety of life and property of the citizens and providing all possible transport facilities are the foremost priorities of Islamabad Traffic Police, strict legal action will be taken against those violating traffic rules and affecting the flow of traffic in the city, he added.





# Nine absconders involved in heinous crime held

Islamabad Capital Police have arrested nine absconders and proclaimed offenders involved in heinous crime during the last 24 hour, a public relations officer said. He said that, following the special directions of DIG Operations Islamabad Syed Shehzad Nadeem Bukhari, the special tasks were assigned to all senior police officials to ensure the arrest of proclaimed offenders and absconders involved in heinous crimes. During the crackdown, the Islamabad Capital police teams have arrested nine absconders and proclaimed offenders involved in heinous crime during the last 24 hours. Islamabad Capital Police is taking all possible steps to eradicate the crime from the city and those involved in heinous crimes and illegal activities will be dealt with iron hands. Safety to the lives and property of the citizens is the foremost priority of Islamabad Capital Police, he added.

# Pucar-15 helpline received 3,136 irrelevant calls during the last 24 hours

Islamabad capital police emergency helpline "Pucar-15" received 3,580 phone calls during the last 24 hours and provided immediate assistance on various help seeking calls including police, fire brigade, ambulance and other services, a public relations officer said. He said that 3,580 calls were received at the emergency helpline "Pucar-15" out of which 3,136 calls were hoax and irrelevant to police which make up 88% of all calls. Senior police officers took notice of hoax calls on the police emergency helpline and directed the senior officers to take stern legal action against those involved in such activities. "If anyone tries to waste the time of the police by making fake calls or passing derogatory remarks to the personnel will be dealt with iron hands," he maintained. They urged the masses to approach police only in emergency situations as some genuine cases needing police attention may be neglected because of the time consumed by hoax calls.

## Social Media Corner Islamabad Police

Islamabad Police
@ICT_Police

تیز رفتاری اور جلد بازی سے گریز کریں یہ آپ کو
موت کے منہ میں دھکیل سکتی ہے۔

#ICTP #IslamabadPolice
#RoadSafety

Translate post




Islamabad Police
@ICT_Police

ڈی آئی جی آپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری کا تھانہ
مارگلہ کا اچانک دورہ۔

بہترین کارکردگی اور مؤثر گشت پر دو پولیس
اہلکاروں تعریفی سرٹیفکیٹ اور نقد انعام کا اعلان ۔

تھانے کے ریکارڈ ، صفائی اور کارکردگی کا جائزہ لیا۔

علاقے میں مؤثر گشت کو یقینی بنائیں اور تمام
اہلکاران علاقے میں رہیں۔ شہزاد ندیم بخاری ۔

عوام کی جان و مال کی حفاظت ہماری اولین ترجیح
ہے ۔ ڈی آئی جی آپریشنز ۔

قانون کے برابری کی سطح پر عملدرآمد کو یقینی
بنائیں۔ شہزاد ندیم بخاری ۔

جرائم کی بیخ کنی میں کسی بھی قسم کی کوتاہی
برداشت نہیں کی جائے گی ۔ ڈی آئی جی آپریشنز ۔

#ICTP

Islamabad Police
@ICT_Police

اسلام آباد کیپیٹل پولیس کے ریڈیو ایف ایم 92.4
پہ نشر ہونیوالے پروگرام "ٹریفک کارنر" میں جانیے
کہ بارش کے دوران آپکو کن کن باتوں کا خیال رکھنا
چاہئیے۔

#ICTP #IslamabadPolice
#RoadSafety

Translate post

